نائیجیریا لیبر کانگریس کے صدر آرتھر عالمی سوینسن پرائز 2026 کے لیے نامزد

رپورٹ (راشد ادریس ، ہیڈ لیبر نیوز افریقہ پیسیفک) نائیجیریا کے ممتاز ٹریڈ یونین رہنما اور نائیجیریا لیبر کانگریس کے صدر جو اجیرو کو سال 2026 کے معتبر آرتھر سوینسن انٹرنیشنل پرائز برائے ٹریڈ یونین رائٹس سے نوازنے کا اعلان کیا گیا ہے۔

یہ ایوارڈ انہیں نائیجیریا کے محنت کشوں کے حقوق کے لیے ان کی نڈر قیادت، آمرانہ طرزِ عمل کے خلاف مزاحمت اور مشکل ترین حالات میں ٹریڈ یونین تحریک کو زندہ رکھنے پر دیا گیا ہے۔

رتھر سوینسن ایوارڈ دنیا بھر میں ٹریڈ یونین حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی شخصیات کو دیا جانے والا ایک باوقار بین الاقوامی اعزاز ہے۔

ناروے کی تنظیم انڈسٹری اینرجی کی جانب سے قائم کردہ یہ انعام ان رہنماؤں کو دیا جاتا ہے جو انسانی حقوق اور جمہوریت کے فروغ کے لیے اپنی جانوں اور آزادی کو خطرے میں ڈال کر جدوجہد کرتے ہیں۔

جیوری کے مطابق جو اجیرو کا انتخاب اس لیے کیا

گیا کیونکہ انہوں نے نائیجیریا میں مزدوروں کی آواز کو دبانے کی حکومتی کوششوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا

جو اجیرو کی قیادت میں نائیجیریا لیبر کانگریس نے حالیہ برسوں میں مہنگائی، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے اور کم از کم اجرت کے مسائل پر حکومت کے خلاف متعدد ملک گیر ہڑتالیں کیں۔ ان کی اس بے باک قیادت کی وجہ سے انہیں شدید حکومتی انتقام کا سامنا کرنا پڑا

گزشتہ سال انہیں ایک احتجاج کے دوران اغوا کر کے شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا، جس کی تصاویر نے عالمی سطح پر انسانی حقوق کی تنظیموں کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا

اس کے باوجود انہوں نے پسپائی اختیار کرنے کے بجائے اپنی تحریک کو مزید منظم کیا۔ جیوری نے اپنے بیان میں کہا کہ جو اجیرو کی ہمت نہ صرف نائیجیریا بلکہ افریقہ اور پوری دنیا کے ٹریڈ یونین کارکنوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

نائیجیریا میں مزدوروں کے حالاتِ کار اور حقوق کی صورتحال انتہائی تشویشناک رہی ہے۔ حکومت کی جانب سے یونین رہنماؤں کی گرفتاریاں، دفاتر پر چھاپے اور ہڑتالوں کو روکنے کے لیے قانونی و ریاستی طاقت کا استعمال عام رہا ہے۔

جو اجیرو کو اس بین الاقوامی اعزاز سے نوازنا اس بات کی علامت ہے کہ عالمی برادری نائیجیریا میں جاری مزدور دشمن پالیسیوں پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔

اس ایوارڈ کے اعلان کا عالمی ٹریڈ یونین فیڈریشنز اور انڈسٹری آل گلوبل یونین نے بھرپور خیرمقدم کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ اعزاز جو اجیرو کے ساتھ ساتھ نائیجیریا کے ہر اس محنت کش کی جیت ہے جو معاشی انصاف کے لیے برسرِ پیکار ہے

ایوارڈ کی باقاعدہ تقریب رواں سال جون میں ناروے کے دارالحکومت اوسلو میں منعقد ہوگی، جہاں جو اجیرو کو یہ اعزاز اور نقد انعام پیش کیا جائے گا۔

ماہرین کا خیال ہے کہ اس ایوارڈ کے بعد نائیجیریا کی حکومت پر دباؤ بڑھے گا کہ وہ ٹریڈ یونین حقوق کا احترام کرے اور سیاسی انتقام کا سلسلہ بند کرے۔

جو اجیرو نے اس اعزاز پر اپنے ردِعمل میں کہا کہ یہ انفرادی کامیابی نہیں بلکہ نائیجیریا کے مظلوم طبقے کی اجتماعی جدوجہد کا اعتراف ہے۔